سوال

(11)سب سے پہلے خدانے تیرے پیغمبر کا نوراپنے نور سے پیدا کیا گیا یہ صحیح ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مصنف عبدالرزاق میں ہے (یا جابراول ماخلق اللہ نورنبیک من نورہ) (اے جابر سب سے پہلے خدانے تیرے پیغمبر کا نوراپنے نور سے پیدا کیا گیا یہ صحیح ہے)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مصنف عبدالرزاق طبقہ رابعہ کی کتاب ہے رطب دیا بس کا ذخیرہ ہے چنانچہ شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے حجۃ اللہ البالغۃ میں اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے عجالہ نافعہ میں واضح کیا یہ حدیث بے اصل ہے۔

اصل میں ضعفۃ الرجان ہی اس قسم کی حدیثوں کو بیان کیا کرتے ہیں۔ یہ حدیث اول ماخلق اللہ القلم کے صریح خلاف ہے۔ وآثار وضع ظاہر میں واللہ اعلم۔ اخبار اہل ہدیث دہلی جنوری ۱۹۵۵ء

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد09ص58

محدث فتویٰ